سوال

(183)لعنت کی گئی عورتیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اسی کے متعلق رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے : " میری امت کے آخر میں کچھ عورتیں ایسی ہونگی جو لباس پہننے والی ننگی عورتیں جو خود مائل ہونے والی اور دوسروں کو مائل کرنے والی، ان کے سر بختی اونٹوں کی مائل کوہانوں کی طرح ہونگے یہ یعنی عورتیں ہیں " اسکا کیا مطلب ہے ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

محدثین کے ہاں اس کی معروف تفسیر یہی ہے کہ جو عورتیں اپنے سروں پر دوپٹا یا کوئی اور کپڑا ایسے باندھ لیتی ہیں جیسے وہ اونٹ کا کوہان محسوس ہو تو یہ ممنوع ہے ۔ امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں :

وَأَمَّا (رُءُوسهنَّ كَأَسْنِمَةِ الْبُخْتِ) فَمَعْنَاهُ : يُعَظِّمْنَ رُءُوسهنَّ بِالْخُمُرِ وَالْعَمَائِمِ وَغَيْرِهَا مِمَّا يُفْعَلُ عَلَى الرَّأْسِ , حَتَّى تُشْبِهَ أَسْنِمَةَ الْإِبِلِ الْبُخْتِ , هَذَا هُوَ الْمَشْهُورُ فِي تَفْسِيرِهِ , قَالَ الْمَازِرِيّ : وَيَجُوزُ أَنْ يَكُونَ مَعْنَاهُ يُظَخِّمْنَ إِلَى الرِّجَالِ وَلَا يَغُضُضْنَ عَنْهُمْ , وَلَا يُنَكِّسْنَ رُءُوسهنَّ ...." شرح النووي على صحيح مسلم 17/191 . باختصار

۲. اور دوسری ایک حدیث میں ہے کے جو عورت مسجد جاتے وقت کوئی خوشبو استعمال کرے تو اسکے لئے حرام ہے تو کیا گھر میں ہم استعمال کر سکتے ہیں ؟

جی ہاں ! اگر گھر میں صرف محرم افراد موجود ہوں تو کر سکتے ہیں ۔

۳. اور کپڑے پہننے سے مطلق یہ پوچھنا تھا کے کیا عورتیں جینس فروکس کے ساتھ پہن سکتی ہیں کیوں کے جینس بھی مغربی لوگ پہنتے ہیں اور مرد بھی پہنتے ہیں تو اگر کوئی لڑکی جینس پہنے تو اسکے لئے کیا حکم ہوگا ؟

جینز کا لباس عموما تنگ اور ٹائٹ لباس ہوتا ہے جس میں جسم کے نشیب و فراز ظاہر ہوتے ہیں لہذا اس کا پہننا مردوں اور عورتوں دونوں کے لیے درست نہیں ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے

حدیث

جلد2 کتاب الصلوۃ